# رہبر معظم کا آیت اللہ جنتی کی ہمسر کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 27 /Mar/ 2015

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے ایک پیغام میں گارڈین کونسل کے سکریٹری آیت اللہ جنتی کی ہمسر کے انتقال پر تعزیت پیش کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسمہ تعالی

گارڈین کونسل کے سکریٹرآیت اللہ جناب آقائ جنتی دامت برکاتہ

مؤمن اور انقلابی خاتون اور جنابعالی کی مکرم ہمسر کے انتقال پر جنابعالی اور مرحومہ کے دوسرے پسماندگان کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحومہ کے لئے رحمت و مغفرت اور درجات کی بلندی کی دعا کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

7/فروردین/1394